پاکستان خطرات میں گھرا ہوا ہے، اسے اندرونی وبیرونی دباؤ کا سامنا ہے، یہ وقت انتشار کا نہیں متحد ہونے کا ہے،

قائد تحریک الطاف حسین ملک کو بچانے کی جدوجہد میں مصروف ہیں اورانکے دن رات انہی کوششوں میں صرف ہورہے ہیں

ایم کیوایم کے رہنماؤں کا اے پی ایم ایس او کے 33 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، محمد اشفاق، مصطفےٰ عزیزآبادی، برینٹ ٹاؤن کے میئر چوہدری محمد اسلم، یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، منشاء خان، شیفلیڈ کے سابق میئر چوہدری ایوب اور دیگر نے اجتماع سے خطاب کیا

کشمیری عوام سے اپیل 26 جون کو ہونے والے انتخابات میں ایم کیوایم کو کامیاب بنائیں۔ کشمیری رہنماؤں کی اپیل

لندن۔۔۔ 18 جون 2011ء

پاکستان جن خطرات میں گھرا ہوا ہے، اسے اندرونی وبیرونی دباؤ کا سامنا ہے، یہ وقت انتشار کا نہیں بلکہ متحد ہونے کا ہے، پاکستان کو جن چیلنجز کا سامنا ہے اس میں ایم کیوایم ہی ملک کو ان چیلنجز سے نکال سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کے رہنماؤں نے گزشتہ روز لندن میں اے پی ایم ایس او کے 33 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لندن کے علاقے ویمبلے میں برینٹ ٹاؤن ہال میں منعقد ہونے والے اس اجتماع میں ایک ہزار سے زائد افراد نے شرکت کی۔ اجتماع میں لندن اوراسکے گردونواح کے علاقوں کے علاوہ برمنگھم، مانچسٹر، شیفیلڈ، بریڈفورڈ، کوونٹری، نوٹنگھم اور دیگر علاقوں میں آباد پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ اجتماع سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، طارق میر، محمد اشفاق، مصطفےٰ عزیزآبادی، برینٹ ٹاؤن کے میئر چوہدری محمد اسلم اور ایم کیوایم یوکے رہنماؤں نے خطاب کیا جبکہ اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ، لندن میں پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن، برطانوی رکن پارلیمنٹ وریندر شرما، برینٹ ٹاؤن کے ڈپٹی میئر نظام اور کونسلرز بھی شریک تھے۔ اپنے خطاب میں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے کہا کہ ایم کیوایم پر ماضی میں غداری، ملک دشمنی اور طرح طرح کے الزامات لگائے گئے اور اسے ختم کرنے کیلئے ریاستی جبروستم کے تمام تر ہتھکنڈے اختیار کئے گئے لیکن وقت نے ان تمام الزامات کو غلط ثابت کیا اور خود الزامات لگانے والوں نے انکے جھوٹ ہونے کا اعتراف کیا۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ غداری کے ٹھپفکیٹ جاری کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور محروم عوام کو انکے حقوق دیے جائیں۔ ایم کیوایم کے رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان آج شدید خطرات میں گھرا ہوا ہے، ہمیں اپنے ملک کو بچانا ہے اور دنیا میں پاکستان کے امیج کو بہتر بنانا ہے جو دن بدن خراب ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین دن رات ملک کو بچانے کی جدوجہد میں مصروف ہیں اوران کے دن رات انہی کوششوں میں صرف ہورہے ہیں۔ انہوں کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت اسمبلیوں میں بھیجی اور وہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب برپا کرنا چاہتی ہے۔ ایم کیوایم کا منشور حضورؐ کا آخری خطبہ ہے اور وہ خطبہ حجۃ الوداع کے مطابق ملک میں ایسا نظام قائم کرنا چاہتی ہے جہاں کسی کو کسی پر کوئی فوقیت نہ ہو، میرٹ کا نظام رائج ہو اور سب کو مساوی حقوق حاصل ہوں۔ یوم تاسیس کے اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزر رفیض احمد، منشاء خان، شیفلیڈ کے سابق میئر چوہدری ایوب اور حبا طارق نے اپنے خطاب میں کشمیری عوام سے کہا کہ وہ 26 جون کو ہونے والے انتخابات میں ایم کیوایم کو کامیاب بنائیں کیونکہ ایم کیوایم ہی مظلوم کشمیریوں کی قسمت بدل سکتی ہے۔ اس موقع پر ایم کیوایم یوکے کی کمیٹی کے رکن عثمان خان نے نظم پیش کی۔

☆☆☆☆☆